# Annual Report: Partnerships for the Goal

The **University of Poonch Rawalakot (UPR)** has strengthened its institutional outreach and academic development by signing a series of Memorandums of Understanding (MoUs) with diverse national and international organizations. These collaborations—ranging from scientific institutions to social-sector organizations—reflect UPR's commitment to interdisciplinary growth, community service, and global engagement. Through these partnerships, the university aims to enhance research capacity, expand student learning opportunities, and foster innovation across multiple academic disciplines.

The MoU with the **Raed Foundation (Bio Risk Association)** focuses on strengthening biosafety and biosecurity practices across UPR's laboratories and research departments. This collaboration promotes joint workshops, hands-on training, and the development of standardized protocols for safe biological handling. By introducing international biosafety standards and building a culture of responsible research conduct, the partnership enhances both academic quality and community protection against biological risks. It also supports capacity-building for students and faculty in applied sciences, veterinary sciences, and biotechnology.

UPR's collaboration with the **Kafala Foundation** centers on agricultural development, poverty alleviation, and rural livelihood improvement. Through this MoU, both institutions work to promote innovative farming techniques, conduct applied agricultural research, and offer training to local farming communities. The focus on high-value agriculture, sustainable practices, and modern extension services ensures that farmers in the region gain access to knowledge and tools that enhance productivity and income. This partnership contributes directly to rural economic empowerment and long-term environmental sustainability.

The university has also expanded its social and academic engagement through MoUs with organizations such as the **Women Welfare Organisation**, the **IR Department Peshawar**, and the **Character Education Foundation**. These collaborations support programs on women's empowerment, social development, research in international relations, and promoting ethics and character-building among youth. Such initiatives provide students with platforms for community service, academic exposure, leadership development, and professional training. They strengthen UPR's role as a socially responsible institution dedicated to creating positive societal impact.

On the international front, UPR's MoU with the **Geology Institute in China** represents a major step in advancing earth science research, paleontological studies, and faculty-student exchange programs. This partnership brings global scientific expertise to the university, enabling joint research projects, access to advanced laboratories, and participation in international training programs. Together, these MoUs collectively expand UPR's academic horizons, promote interdisciplinary learning, and strengthen both community engagement and global collaboration—positioning the university as a growing hub of education, research, and sustainable development.


UNIVERSITY OF POONCH



web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

روزنامہ پرل ویو راولاکوٹ

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:10 | جمعۃ المبارک 06 ستمبر 2024، یکم ربیع الاوّل 1446ھ، 24 بادو 2081ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ:190

# زراعت بطور ذریعہ معاش جامعہ پونچھ کی ایگریکلچر فیکلٹی اور کفالہ فاؤنڈیشن میں معاہدہ

## معائدے کے مطابق راولاکوٹ میں موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زراعت کیلئے ایگریکلچر فیکلٹی تکنیکی معاونت کرے گی

## ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم اور جمال انیس عباسی نے خصوصی تقریب میں ایم او یو پر دستخط کئے، ڈاکٹر عابد حسین اور دیگر کی شرکت

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر اور کفالہ فاؤنڈیشن کے درمیان دوطرفہ تعاون کے معائدے پر دستخط کر لئے گئے ہیں ۔معائدے کے مطابق" راولاکوٹ میں موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زراعت کو بطور ذریعہ معاش" اختیار کرنے کے منصوبے پر فیکلٹی آف ایگریکلچر جامعہ پونچھ "کفالہ فاؤنڈیشن" کو تکنیکی معاونت فراہم کرے گی ۔معائدے پر دستخط کے حوالے سے جامعہ پونچھ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے کمیٹی روم میں (بقیہ 37 صفحہ 03)



راولاکوٹ: جامعہ پونچھ ایگریکلچر فیکلٹی کے ڈین ڈاکٹر ناصر رحیم کفالہ فاؤنڈیشن کے کیساتھ معاہدے کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

**بقیہ 37**

خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم جبکہ کفالہ فاؤنڈیشن کے مینجنگ ڈائریکٹر جمال انیس عباسی نے معائدے کی دستاویز پر دستخط کئے ۔اس موقع پر ڈائریکٹر اورک جامعہ پونچھ ڈاکٹر عابد حسین، پروگرام منیجر کفالہ فاؤنڈیشن ڈاکٹر محمد لیاقت، فیکلٹی آف ایگریکلچر کے ممبران اور دیگر بھی موجود تھے ۔معائدے کا مقصد موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم زراعت کو بطور ذریعہ معاش اختیار کرنے کے منصوبے پر دوطرفہ تعاون کو فروغ دینا ہے۔واضع رہے کہ کفالہ فاؤنڈیشن نے راولاکوٹ کے مختلف علاقوں میں ایگری ٹنل فارمنگ، کچن گارڈنگ، بی کیپنگ جیسے ماڈل پراجیکٹس شروع کر رکھے ہیں۔جن کا مقصد ہے کہ زرعی میدان میں عملی اقدامات کے ذریعے لوگوں کو پیشے کی جانب راغب کرنا آسان ہے۔جامعہ پونچھ کی ایگریکلچر فیکلٹی اس پراجیکٹ کی کامیابی کیلئے تحقیقی سرگرمیوں سمیت ہر قسم کی تکنیکی معاونت فراہم کرے گی۔



web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

ایڈیٹرانچیف: شفقت ضیاء

روزنامہ پرل ویو راولاکوٹ

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:10 | منگل 22 اکتوبر 2024، 17 ربیع الثانی 1446، 11 کاتک 2081ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ 235

# جامعہ پونچھ شعبہ ایسٹرن میڈیسن اور ریڈ فاؤنڈیشن میں دو طرفہ تعاون کا معاہدہ

## معائدے کے تحت ریڈ فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے سکولز میں طلبہ کی ہیلتھ اسسمنٹ، مفت طبی سہولیات اور کیریئر کونسلنگ کی جائیگی

## ڈین میڈیکل سائنسز، ریجنل منیجر ریڈ فاؤنڈیشن نے دستاویز پر دستخط کئے، ہمارے پاس بڑا کمیونٹی سروس پروگرام ہے، ڈاکٹر شاہد اقبال

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے شعبہ ایسٹرن میڈیسن اور ریڈ فاؤنڈیشن کے درمیان دوطرفہ تعاون کے معائدے (ایم او یو) پر دستخط کر لئے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں فیکلٹی آف میڈیکل آف ہیلتھ سائنسز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈین میڈیکل ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان اور ریڈ فاؤنڈیشن کے ریجنل منیجر محمد محبوب نے معائدے کی دستاویز پر دستخط کئے۔ تقریب میں چیئرپرسن

(بقیہ 09 صفحہ 03)



راولاکوٹ، جامعہ پونچھ کے ڈین میڈیکل سائنسز ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان اور ریڈ فاؤنڈیشن کے ریجنل منیجر محمد محبوب معائدے کے بعد دستاویزت کا تبادلہ کررہے ہیں

## بقیہ 9

ایسٹرن میڈیسن ڈاکٹر نائیدہ ممتاز، چیئرمین شعبہ فارمیسی ڈاکٹر محمد مختار، چیئرمین لیب ٹیکنالوجی ڈاکٹر محمد عثمان ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر عابد حسین، ڈاکٹر فہد سید اور دیگر فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔ معائدے کے تحت جامعہ پونچھ کا شعبہ ایسٹرن میڈیسن ریڈ فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے سکولز میں طلبہ کی ہیلتھ اسسمنٹ کے ساتھ مفت طبی سہولیات فراہم کرے گا جبکہ طلبہ کیساتھ کیریئر کونسلنگ کے سیشنز کا انعقاد کیا جائے گا۔ معائدے کی دستاویز پر دستخط سے قبل ڈین فیکلٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے جامعہ پونچھ کے تعارف اور شعبہ ایسٹرن میڈیسن پر خصوصی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر شاہد اقبال نے کہا کہ شعبہ ایسٹرن میڈیسن کے پاس جامعہ پونچھ کا سب سے بڑا آوٹ ریچ کمیونٹی سروسز پروگرام ہے، جس کے تحت ہر سال ہزاروں افراد کو مفت طبی سہولیات اور ادویات فراہم کی جاتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سکول لیول پر طلبہ کی اسسمنٹ ناگزیر ہے تاکہ وہ اپنے مستقبل کیلئے بہترین شعبہ کا انتخاب کرسکیں۔ دریں اثناء ریجنل منیجر ریڈ فاؤنڈیشن محمد محبوب نے جامعہ پونچھ کے تعلیمی معیار کی تعریف کی اور کہا کہ ہمارے طلبہ ترجیحی بنیادوں پر داخلوں کیلئے جامعہ پونچھ راولاکوٹ کا انتخاب کرتے ہیں




راولپنڈی، کوٹلی، مظفرآباد اور لندن سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار ABC certified MEMBER AKNS

E-mail:sadaechanar@hotmail.com www.dailysadaechanar.com

Daily Sadaechanar

روزنامہ صدائے چنار راولپنڈی

چیف ایگزیکٹو پرویز محمد بھٹی

چیف ایڈیٹر: محمد امجد چوہدری ایڈیٹر: اعجاز عباسی

جلد 17 | منگل 17 دسمبر 2024ء، 14 جمادی الثانی 1446ھ، 4 پوہ 2081 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 275

# جامعہ پونچھ اور ویمن ویلفیئر آرگنائزیشن میں دوطرفہ تعاون کا معاہدہ

## معاہدے کے مطابق فریقین سماجی واقتصادی ترقی، سکل ڈویلپمنٹ اور دیگر منصوبوں میں ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرینگے

## جامعہ پونچھ میں تقریب، وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر اور امیقہ شکور نے معاہدے کی دستاویز پر دستخط کیے، ڈاکٹر فراز اور دیگر

راولاکوٹ (نمائندہ خصوصی) جامعہ پونچھ راولاکوٹ اور ویمن ویلفیئر آرگنائزیشن (ڈبلیو ڈبلیو او) کے درمیان دوطرفہ تعاون کے معاہدے (ایم او یو) پر دستخط کر لیے گئے ہیں۔ معاہدے پر دستخط کی تقریب کا انعقاد یہاں جامعہ پونچھ کے کانفرنس ہال میں کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) اور ویمن ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیف ایگزیکٹو امیقہ شکور نے معاہدے کی دستاویز پر دستخط کیے۔ اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس فنانشل ایڈ/فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر جامعہ پونچھ ڈاکٹر محمد فراز، ڈاکٹر گل رعنا اعجاز، ڈاکٹر نگہت یونس اور دیگر تدریسی و انتظامی افسران بھی موجود تھے۔ معاہدے کے مطابق فریقین سماجی اور اقتصادی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)




راولاکوٹ، وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر اور ویمن ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر امیقہ شکور ایم او یو پر دستخط کر رہے ہیں

ترقی، سکل ڈویلپمنٹ، عملی تربیت کے مواقعوں، وسائل کے استعمال اور ماحولیات اور دیگر مشترکہ تحقیقاتی منصوبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کریں گے۔ معاہدے پر عملدرآمد جامعہ پونچھ کے پرائم منسٹر یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر کے تعاون سے کیا جائے گا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر نے کہا کہ سماجی ترقی اور خواتین کو بااختیار بنانے میں جامعہ پونچھ بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ اس مقصد کے تحت ہم کمیونٹی کی ہر ممکن معاونت کریں گے۔ ایسے اقدامات جامعہ پونچھ کے ویژن اور مشن کا حصہ ہیں۔ ہمارے درمیان یہ معاہدہ بھی ہمارے اس عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ خواتین کی وسائل تک رسائی یقینی بنائی جائے تو وہ دیگر سٹیک ہولڈرز کے برابر کردار ادا کریں گی۔ اس شراکت داری کے اثرات کمیونٹی کیساتھ طلبہ پر بھی مرتب ہوں گے۔ اس شرکت داری کو کامیاب بنانے کیلئے مسلسل محنت کو یقینی بنانا ہوگا۔ اس موقع پر آسیہ شکور جو جامعہ پونچھ کی المنائی بھی ہیں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ پونچھ آزاد خطہ کی ایک ممتاز جامعہ ہے جو نہ صرف ملک بھر بلکہ عالمی سطح پر ممتاز شناخت کی حامل ہے۔ جامعہ پونچھ کیساتھ ایم او یو ہمارے لئے اعزاز کی بات ہے اور ہم جامعہ کے فیکلٹی ممبران کے تجربات اور طلبہ کی خدمات سے استفادہ حاصل کریں گے۔ دریں اثناء ڈاکٹر فراز نے خطبہ استقبالیہ میں معاہدے کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔






ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

# کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: عمر خیام

جلد02 | بدھ 20 مارچ 2024ء 09 رمضان المبارک 1445ھ 06 چیت 2080 | صفحات04 / قیمت20روپے | شمارہ نمبر335

# جامعہ پونچھ کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے درمیان تعاون کا معاہدہ

## مقصد طلبہ میں قرآن فہمی، کردار کی تعمیر، معاشرتی تعمیر وتربیت، اساتذہ کی مہارتوں میں اضافہ کیلئے مشترکہ کوششیں کرنا ہے

### رجسٹرار ڈاکٹر عبدالروف، چیئرمین فاؤنڈیشن محمود احمد نے خصوصی تقریب میں معائدے پر دستخط کئے، ڈاکٹر امتیاز اور دیگر کی بھی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ اور کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے درمیان دوطرفہ تعاون کے معائدہ پر دستخط کر لئے گئے ہیں۔ معائدے کا بنیادی مقصد طلبہ میں قرآن فہمی، کردار کی تعمیر، معاشرتی تعمیر و تربیت، اساتذہ کی مہارتوں میں اضافہ اور طلبہ کی تربیت کیلئے مشترکہ کوششیں کرنا ہے۔ رجسٹرار جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر عبدالروف خان جبکہ کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے بانی چیئرمین محمود احمد نے معائدے پر دستخط کئے۔ اس سلسلہ میں جامعہ پونچھ کے وائس چانسلر سیکریٹریٹ میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)



بقیہ 44

، ڈین میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر امتیاز احمد، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر محمد ذبیر عباسی، چیئرمین علوم اسلامیہ ڈاکٹر عبدالرحمٰن سمیت جامعہ پونچھ کے اعلیٰ تدریسی و انتظامی افسران جبکہ کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے چیف آپریٹنگ آفیسر شاہد رفیق، سید مرتضیٰ بخاری اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر رجسٹرار ڈاکٹر عبدالروف خان نے کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زمہ داران کا خیر مقدم کرتے ہوئے جامعات میں قران فہمی کی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالی انھوں نے کہا کہ دنیا کی موجودہ صورتحال کے تناظر اور چیلنجز میں قران فہمی کی ضرورت اور اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ جامعہ پونچھ نے بھی اس مقصد کے تحت ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایت کی روشنی میں پلان ترتیب دے رکھا ہے۔ انھوں نے ملک میں تعلیم کے فروغ اور اساتذہ کی مہارت اور صلاحیت میں اضافے کیلئے کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے کردار کی تعریف کی۔ اس موقع پر کریکٹر ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے بانی چیئرمین محمود احمد نے فاؤنڈیشن کے ویژن، مشن اور ملک میں تعلیم کے فروغ اور قرآن فہمی کے حوالے سے اقدات پر بریفنگ دی۔ انھوں نے ملک کے بنیادی مسائل اور ان کی پیش بندی کی ضرورت، اہمیت اور فاؤنڈیشن کے کردار جبکہ ان مسائل سے نمٹنے کیلئے تعلیمی اداروں کے کردار پر بھی سیر حاصل گفتگو کی۔


UNIVERSITY OF POONCH